## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے سینئر رکن سید انصار حسین نقوی علالت کے باعث انتقال کر گئے

## مرحوم کو سپر ہائی وے کے وادی حسین قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا

## نماز جنازہ و تدفین میں ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے اراکین اور حق پرست ارکان اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، وکارکنان کی شرکت

## انصار حسین نقوی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ارکان کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔25دسمبر 2008ء۔۔۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کے سینئر رکن اور نائن زیرو کے پڑوسی سید انصار حسین نقوی ولد کرار حسین نقوی شدید علالت کے باعث جمعرات کی صبح انتقال کر گئے (انا اللہ وانا الیہ راجعون) مرحوم کی عمر 76 سال تھی۔ انکے پسماندگان میں دو بیٹے اور تین بیٹیاں شامل ہیں۔انصار حسین نقوی مرحوم کا شمار ایم کیوایم کے سینئر کارکنوں میں ہوتا ہے۔خدمت خلق فاؤنڈیشن سے قبل جب خدمت کمیٹی کا قیام عمل میں آیا تو وہ اس وقت سے اس فلاحی ادارے سے وابستہ ہوگئے اور اپنی ضعیف العمری کے باوجود اس فلاحی ادارے میں خدمات انجام دیتے رہے۔ چند ماہ قبل انصار حسین نقوی کی اہلیہ کا انتقال ہوگیا جسکے بعد وہ شدید علیل ہوگئے اور آج صبح وہ انتقال کر گئے۔انصار نقوی کے انتقال کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب بخاری ایڈوکیٹ، انیس احمد قائم خانی، صوبائی وزیر خالد بن ولایت ایڈوکیٹ، رکن قومی اسمبلی سفیان یوسف اور نائن زیرو کے مختلف شعبوں میں تنظیمی خدمات انجام دینے والے ایم کیوایم کے دیگر ذمہ داران مرحوم کی رہائشگاہ پہنچ گئے اور مرحوم کے صاحبزادے گوہر حسین نقوی اور دیگر اہل خانہ کو تسلی دی۔سید انصار حسین نقوی مرحوم کو آج بعد نماز مغرب سپر ہائی وے پر واقع وادی حسین قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ فیڈرل بی ایریا کی بوتراب امام بارگاہ میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ و تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین نیک محمد، انیس احمد قائم خانی، حق پرست رکن قومی اسمبلی سفیان یوسف، رکن سندھ اسمبلی انور عالم، گلبرگ کے ٹاؤن ناظم محمد کمال، خدمت خلق فاؤنڈیشن اور ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ارکان، ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے ذمہ داران وکارکنان اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سید انصار حسین نقوی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ذمہ داران وارکان نے بھی انصار حسین نقوی کے انتقال پر انکے تمام لواحقین سے گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے اور مرحوم کیلئے دعائے مغفرت کی ہے۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے سینئر رکن سید انصار حسین نقوی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

## انصار حسین نقوی نے اپنی ضعیف العمری کے باوجود تحریک کیلئے جو خدمات انجام دی ہیں وہ نا قابل فراموش ہیں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔25، دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے سینئر رکن سید انصار حسین نقوی کے انتقال پر گہرے دکھ اور دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ انصار حسین نقوی نے اپنی ضعیف العمری کے باوجود تحریک خصوصاً خدمت خلق فاؤنڈیشن کیلئے جو خدمات انجام دی ہیں وہ نا قابل فراموش ہیں اور ان کے انتقال سے مجھے ذاتی طور پر بہت دکھ ہوا ہے۔انہوں نے انصار حسین نقوی مرحوم کے سوگواران خاندان سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کے تمام کارکنان آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ انصار حسین نقوی مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق دے (آمین)

## حق پرست رکن قومی اسمبلی ساجد احمد کے والد عباس خان کے انتقال پر الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔25، دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حق پرست رکن قومی اسمبلی ساجد احمد کے والد عباس خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگواران خاندان سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عباس خان مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق دے۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بھی رکن قومی اسمبلی ساجد احمد کے والد عباس خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے رہنماؤں کا مختلف گرجا گھروں کا دورہ قائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے عیسائی برادی کو کرسمس کی مبارکباد پیش کی

کراچی ۔۔۔25دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے رہنماؤں ،حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت، رکن قومی اسمبلی سفیان یوسف، رکن سندھ اسمبلی انور عالم، ٹاؤن ناظم گلبرگ ،کمال ملک، نائب ٹاؤن ناظم سعید احمد نے گلبرگ ٹاؤن کے مختلف گرجا گھروں میں ہونے والی دعائیہ تقریبات میں شرکت کی۔اس موقع پرانہوں نے عیسائی برادری کو قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے کرسمس کی مبارکباد پیش کی۔اس موقع پرحق پرست یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین،کونسلرز،ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کمیٹی کے ذمہ داران وکارکنان بھی ان کے ہمراہ تھے۔انہوں نے گرجا گھروں میں کیک کاٹنے کی تقریبات میں حصہ لیااور بچوں میں کرسمس گفٹ تقسیم کیے۔

## رابطہ کمیٹی کا کارکنان سے اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔25،دسمبر2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لائنزایریا سیکٹر یونٹ 53کے کارکن عدنان کے والدعبدالوحیداور ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 69کے کارکن رمضان کی بھاوج زرینہ ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 94کے کارکن کلیم احمد کے بھائی زعیم احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## پاکستان امریکہ پبلک افیئر زکمیٹی کے وفدکی ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پرڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات

کراچی۔۔۔25،دسمبر2008ء۔۔۔پاکستان امریکن پبلک افیئر زکمیٹی کے عہدیداران ظفر طاہراورڈاکٹر شاہ نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیروعزیز آباد پر رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات کی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان انیس احمد قائم خانی اور شاہدلطیف بھی موجود تھے۔وفدکے ارکان نے بتایا کہ پاکستان امریکن پبلک افیئر زکمیٹی امریکہ میں پاکستانی ڈاکٹروں کی سب سے بڑی تنظیم کی ذیلی شاخ ہےاوراس کا کام عوامی اموراور دیگر شعبوں کے علاوہ پاکستان اورامریکہ کے تعلقات کو بہتر بنانا بھی ہے۔ملاقات میں ممبئی بم دھماکوں کے بعد پاکستان کودرپیش نازک صورتحال،صحت وتعلیم،سرمایہ کاری،صنعت وتجارت کے فروغ اورافرادی وسائل کواستعمال میں لانے کے امور پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔وفد کے ارکان نے اس بات سے اتفاق کیا کہ ملک کی موجودہ نازک صورتحال کے پیش نظر قائدتحریک جناب الطاف حسین کی اپیل پر تمام جماعتوں اورطبقات کواختلافات بھلا کرمتحد ہوجانا چاہیئے کیونکہ یہ آزمائش کی گھڑی ہےاوراس گھڑی میں اتفاق کی جتنی ضرورت آج ہے اس سے قبل نہیں تھی۔ملاقات میں ملک میں بنیادی سیاسی اصلاحات کوبھی ناگزیر قرار دیا گیا۔

## صدرآصف زرداری کی جانب سے متعدداداروں کے ڈیلی ویجز ملازمین کوجلد مستقل کئے جانے کا اعلان خوش آئند ہے۔ایم کیوایم لیبرڈویژن

## جبری ریٹائرمنٹ اسکیم VRF کے تحت فارغ کئے جانے والے تربیت یافتہ ہنرمنداورتجربہ کار ملازمین کوبھی بحال کیا جائے

کراچی۔۔۔25،دسمبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ لیبرڈویژن کے انچارج واراکین سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی نے صدرآصف زرداری کی جانب سے متعدداداروں کے ڈیلی ویجز ملازمین کوجلد مستقل کئے جانے کے اعلان کا زبردست خیر مقدم کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان مین انہوں نے متعلقہ اداروں کی تمام وزارتوں سے اپیل کی کہ اداروں میں وقتاً فوقتاً رکھے اورنکالے گئے کنٹریکٹ وڈیلی ویجز تمام ملازمین کو بلاتفریق مستقل کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ محض چند ملازمین کی بحالی کیلئے وفاقی وزارت پیداوار کی انتظامیہ پاکستان اسٹیل کے احکامات گوکہ خوش آئند ہیں مگراس طرزعمل سے دیگر برطرف ملازمین پاکستان اسٹیل میں احساس محرومی ،بے چینی اورناانصافی کا بڑا تاثر پھیل رہا ہے۔لیبر ڈویژن نے مطالبہ کیا کہ پاکستان اسٹیل سے نکالے گئے تمام سابقہ ملازمین کو بلاتفریق بحال کیا جائے۔لیبرڈویژن نے پاکستان اسٹیل کوتیکنیکی وپیداواری بحران سے نکالنے کیلئے ادارے میں افرادی قوت کی کمی کو پورا کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ نئے آرٹیزن ٹرینیز کی بڑی تعداد میں بھرتیاں مقامی افراد سے میرٹ پر فوری کی جائیں اور جبری ریٹائرمنٹ اسکیم VRF کے تحت فارغ کئے جانے والے تربیت یافتہ ہنرمنداورتجربہ کارملازمین کوبھی بحال کیا جائے۔

☆☆☆☆☆